19) وہ حضرات جنہوں نے سال 2026-27 کیلئے رجسٹریشن کرایا ہو۔ بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

20) مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہے۔ کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کوئی بولی مسترد کرے۔

21) ٹھیکدار حکومت/صوبائی حکومت/تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) سوات کے طرف سے ٹھیکہ کی متعلق جاری ہونے والے تمام ہدایات واحکامات کا پابند ہوگا۔

22) اگر ٹھیکدار اور فیس دہندہ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے۔ تو ایسی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

23) ٹھیکدار فیس وصول کرکے باقاعدہ رسید جاری کریگا۔ اس میں گاڑی کی متعلق جملہ تفصیل درج کریگا اور رسید کا ایک حصہ اپنے پاس محفوظ رکھے گا اور
جاری شدہ رسید گاڑی کے اندر (آوٹ) ہونے کی وقت واپس ہوگی۔

24) کار پارکنگ کی مقررہ اوقات کار کے علاوہ گاڑیاں پارک کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ جس کا ٹھیکدار پابند ہوگا۔
موسم گرما صبح 6 بجے تا رات 12 بجے تک    موسم سرما صبح 7 بجے تا رات 10 بجے تک

25) ٹھیکدار فیس وصولی تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کی منظور شدہ فارم پر کریگا اور استعمال شدہ کتب محفوظ رکھے گا۔

26) اگر فیس دہندہ بعوض پوری فیس ادا نہ کریں۔ تو ایسی صورت میں ٹھیکدار فیس دہندہ سے گیارہ (11) گنا فیس بطور جرمانہ وصول کریگا۔ جس کا آدھا حصہ
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کا ہوگا۔

27) ٹھیکدار صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ صفائی نہ رکھنے کیصورت میں معقول جرمانہ کیا جائیگا۔ ٹھیکہ کے اختتام کے وقت کار پارکنگ صحیح حالت میں حوالہ کریگا۔
دوران ٹھیکہ کسی قسم کی خرابی کیصورت میں ٹھیکدار اپنے خرچ پر مرمت کریگا۔

28) ٹھیکدار مقررہ شرح کی مطابق وصولی کریگا۔ زیادہ وصولی کیصورت میں ٹھیکدار سے گیارہ (11) گنا فیس بطور جرمانہ وصول کیا جائیگا۔ اگر ٹھیکدار بار بار وصولی کرتا
ہوا پایا گیا۔ تو مجاز اتھارٹی کے منظوری سے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

29) ٹھیکدار صرف پارکنگ فیس وصولی کا حقدار ہوگا۔ اس کے علاوہ کسی قسم کی فیس وغیرہ وصول کرنے کا حقدار نہیں ہے۔

30) ٹھیکدار کو حدودات کار پارکنگ میں کسی قسم کی غیر قانونی، غیر اخلاقی کاروبار چلانے کی ہر گز اجازت نہیں ہوگی۔ بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری ٹھیکدار پر ہوگی۔

31) ٹھیکدار کو حدادات میں کسی قسم کی توڑ پھوڑ، کینٹین، چھپر وغیرہ لگانے کی اجازت نہ ہوگی۔

32) کار پارکنگ کی تمام انتظامی اختیار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کے پاس ہونگے۔ جس میں ٹھیکدار کا کوئی عمل دخل نہ ہوگا۔

33) ٹھیکدار کار پارکنگ میں موجود گاڑیوں کو چیک کرنے کیلئے معقول بندوبست کریگا مشتبہ چیز نظر آنے کیصورت میں قریبی پولیس سٹیشن کو اطلاع دے
گا۔ بصورت دیگر تمام ذمہ داری ٹھیکدار پر ہوگی۔ ٹھیکدار گاڑی مالکان کو ہدایت دے گا۔ کہ وہ گاڑی میں قیمتی اشیاء نہ رکھے۔ ٹھیکہ دار منظور شدہ شرح کا
بورڈ نمایاں جگہ پر آویزاں/نصب کرے گا۔

34) ٹھیکدار گاڑیوں کی آمد و روانگی (ان آوٹ) کیلئے مختص شدہ راستہ استعمال کریگا۔

35) تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کے، ملازمین پارکنگ فیس سے مستثنیٰ ہوگی۔

36) تعمیر/مرمت یا دیگر کسی صورت میں کار پارکنگ کو بند کرنا پڑے تو ٹھیکدار کسی قسم کا اعتراض نہیں کریگا اور نہ ہی کسی قسم کا کلیم وغیرہ کریگا۔

37) ٹھیکدار کار پارکنگ میں پینے کا صاف پانی مہیا کرے گا۔

38) ٹھیکدار فیس وصولی اور گاڑیوں کی نگرانی/نگہداشت کیلئے اپنے ذاتی ملازمین تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کے اجازت سے رکھے گا اور
اپنے ذاتی ملازمین کی جملہ کوائف تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بابوزئی) مینگورہ سوات کو فراہم کریگا۔

39) ٹھیکدار خوش اخلاق ملازمین رکھے گا ذاتی ملازمین کا جملہ اخراجات بذمہ ٹھیکدار ہونگے۔

40) ٹھیکدار حدودات میں سیکورٹی کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کرنے کا پابند ہوگا۔

41) اگر بدوران ٹھیکہ کی متعلق کسی عدالت میں کیس زیر سماعت ہو یا دائر کیا جائے۔ اس دوران ٹھیکدار کسی قسم کا کلیم کا حقدار نہ ہوگا اور عدالت جو
فیصلہ کریگا۔ ٹھیکدار اس کا پابند ہوگا۔

42) ٹھیکہ کے متعلق جملہ عدالتی/قانونی چارہ جوئی کی اخراجات ٹھیکدار پر ہوگی۔

43) اگر ٹھیکہ ٹھیکدار کو منتقل حوالہ ہونے سے پہلے یا بدوران ٹھیکہ کی شرح میں کمی بیشی کی گئی۔ تو اس تناسب سے ٹھیکہ کی رقم میں مجاز اتھارٹی کی منظوری
سے کمی بیشی کی جائیگی۔ ٹھیکدار کسی قسم کی اعتراض، قانونی کاروائی کا مجاز نہ ہوگا۔

CS CamScanner

